سوال

(213)قرآن میں لکھا ہے یہود بد عملی سے بندر بنائے گئے یہ خلاف ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن میں لکھا ہے یہود بد عملی سے بندر بنائے گئے یہ خلاف ہے۔ لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ ٣٠ سورة الروم کے اگر یہ درست ہے۔ تو تناسخ ثابت ہے۔ صحیح مفہوم کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ ٣٠ سورة الروم کے معنی ہیں۔ لامبدل غیر اللہ لخلق اللہ تناسخ توالد سے ہوتا ہے۔ بے توالد تناسخ نہیں۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص158

محدث فتویٰ